اشتہار نیلام برائے مستاجری

پنجاب دانش سکولز اینڈ سنٹرز آف ایکسی لینس اتھارٹی لاہور کا ملکیہ و مقبوضہ مندرجہ ذیل قابل کاشت رقبہ برائے مستاجری عرصہ تین (3) سال دیا جانا مقصود ہے لہٰذا خواہش مند حضرات اس سنہری موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے درج ذیل شرائط کی بنیاد پر بمقام اسسٹنٹ کمشنر آفس تحصیل احمد پور سیال ضلع جھنگ حاضر ہو کر نیلام عام میں حصہ لے سکتے ہیں۔

موضع	تحصیل	تاریخ، دن اور وقت	سرکاری بولی فی ایکڑ	رقبہ (ایکڑ)	زر بیعانہ (روپے)
چک نمبر 7/3L	احمد پور سیال	17 دسمبر 2021 بروز جمعہ، 10:00 AM	45,000/-	1.5	16,875/-

شرائط برائے نیلام مستاجری

1۔ پہلے دن بولی کامیاب نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ نیلام عام مورخہ 21 دسمبر 2021 بروز منگل بوقت 10 بجے دن منعقد ہوگا دوسرے دن بولی کامیاب نہ ہونے کی صورت میں تیسرا نیلام 23 دسمبر 2021 بروز جمعرات کو بوقت 10 بجے دن منعقد ہوگا۔

2۔ خواہش مند حضرات کو بولی دینے سے قبل شرکت کے لیے بذریعہ کال ڈیپازٹ/ڈیمانڈ ڈرافٹ یا کیش بطور زر ضمانت/بیعانہ جمع کروا کر رجسٹر ہونا ہوگا۔

3۔ مستاجر رقم مستاجری ہر سال دو اقساط میں دینے کا پابند ہوگا۔ ابتدائی طور پہلے سال کی آدھی مستاجری ادا کر کے قبضہ حاصل کرے گا۔ اسی طرح مستاجری کی کل رقم 6 اقساط میں وصول کی جائے گی۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کو بطور زر پیشگی دی گئی بولی کا 25% موقع پر ادا کرنا ہوگا۔ جب کہ بقیہ 25% رقم تین دن کے اندر ادا کرنی ہوگی، جو کہ پہلی قسط شمار ہوگی۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ انکم ٹیکس کے مروجہ قوانین کے تحت فائلر 10% جبکہ نان فائلر 20% انکم ٹیکس اور اس کے علاوہ اسٹامپ ڈیوٹی (Stamp Duty) سالانہ 3.25% جو کہ مستاجری رقم کے علاوہ ہوگی کی ادائیگی کا پابند ہوگا۔

6۔ شرائط و ضوابط مستاجری دفتر زیرِ دستخطی، دفتر پرنسپل سنٹر آف ایکسی لینس گورنمنٹ بوائز ہائی سکول جڑانوالہ اور اسسٹنٹ کمشنر آفس تحصیل احمد پور سیال ضلع جھنگ میں موجود ہیں جو کہ حاصل کی جا سکتی ہیں۔ مستاجری انہی شرائط کے تابع ہوگی اور اس بارے میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ شرائط و ضوابط مستاجری بوقت نیلام پڑھ کر سنائی جائیں گی۔

24/11

منیجر (ایڈمن اینڈ ایچ آر اینڈ کوآرڈ) پنجاب دانش سکولز اینڈ سنٹرز آف ایکسی لینس اتھارٹی لاہور۔

فون نمبر: 042-99232095, 041-4312283

شرائط وضوابط مستاجری زمین پنجاب دانش سکول واقع چک نمبر 7/3L تحصیل احمد پور سیال ضلع جھنگ

شرائط برائے نیلام عام۔

1۔ سرکاری بولی -/45,000 روپے فی ایکڑ علاوہ ٹیکسز شروع ہوگی۔

2۔ کامیاب بولی دہندہ انکم ٹیکس کے مروجہ قوانین کے تحت فائلر 10% جبکہ نان فائلر 20% انکم ٹیکس اور اس کے علاوہ اسٹامپ ڈیوٹی (Stamp Duty) سالانہ 3.25% جو کہ مستاجری رقم کے علاوہ ہوگی کی ادائیگی کا پابند ہوگا۔

3۔ مستاجر رقم مستاجری ہر سال دو اقساط میں دینے کا پابند ہوگا۔ ابتدائی طور پر پہلے سال کی آدھی مستاجری ادا کر کے قبضہ حاصل کرے گا۔ اسطرح مستاجری کی کل رقم 6 اقساط میں وصول کی جائے گی۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کو بطور زرِ پیشگی دی گئی بولی کا 25% موقع پر ادا کرنا ہوگا جبکہ بقیہ 25% رقم تین (3) دن کے اندر ادا کرنی ہوگی جو کہ پہلی قسط شمار ہوگی۔

5۔ زمین تین (3) سال کے لیے مستاجری پر دی جائے گی جو کہ فصل ربیع 2021 تا خریف 2024 تک ہوگی۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ اپنے خرچہ پر مبلغ -/500، -/500 روپے کے دو اسٹامپ پیپرز منظور شدہ سیکورٹی بانڈ / قبولیت نامہ شرائط وضوابط مستاجری تکمیل کر کے دینے کا پابند ہوگا۔

7۔ مستاجر رقبہ مستاجری کو آگے کسی شخص کو کسی صورت منتقل نہیں کرے گا اور خالصتاً زرعی مقاصد کے لیے استعمال کرے گا اور ہرگز ہرگز کسی کمرشل مقصد کے لیے استعمال نہ کرے گا۔

8۔ مجاز اتھارٹی اپنے مفاد میں جس وقت چاہے رقبہ مستاجری واپس لینے کا مکمل اختیار رکھتی ہے اور مستاجر اراضی دانش مجاز اتھارٹی کے حوالے کرنے کا پابند ہوگا۔ جس کے لیے مجاز اتھارٹی 30 دن کا مستاجر کو نوٹس دے گی۔

9۔ مستاجری کی رقم مطابق شیڈول ادائیگی اقساط ادا نہ کرنے کی صورت میں قبولیت نامہ مستاجری منسوخ کر دیا جائے گا اور مجاز اتھارٹی رقبہ پر قبضہ حاصل کرنے کی حقدار ہوگی۔

10۔ منیجنگ ڈائریکٹر / چیف ایگزیکٹو آفیسر پنجاب دانش سکولز اینڈ سنٹرز آف ایکسی لینس اتھارٹی مجاز کامیاب بولی کی منظوری یا نامنظوری کے مجاز ہوں گے۔

11۔ بعد معیاد مستاجری پٹہ گرہندہ خود بخود بے دخل تصور ہوگا اور مستاجر بلا حیل وحجت رقبہ کا قبضہ مجاز اتھارٹی کے حوالے کر دے گا۔

12۔ شرائط مستاجری کی تعمیل کے بارے کسی بھی اختلاف یا متنازعہ معاملے کے لیے جناب ڈپٹی کمشنر / ڈسٹرکٹ کلکٹر صاحب سے رجوع کیا جائے گا جن کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

پرنسپل
سنٹر آف ایکسلینس
جڑانوالہ